(6 pages)

MAY 2025 **U/ID 33276/ULF1A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

PART A — (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

1. پہلے درویش نے اپنی بربادی کے بعد کہاں کا رخ کیا؟

2. پہلا گنہگار انسان سے سر سید کی مراد کون ہے؟

3. مرزا غالب کو کونسا پھل زیادہ پسند تھا؟

4. زبیدہ خاتون کا سب سے بڑا کارنامہ کونسا ہے؟

5. سر سید کی کسی ایک مشہور تصنیف کا نام بتائیے؟

6. نوفل نے حاتم کی گرفتاری پر کیا انعام مقرر کیا تھا؟

7. زبیدہ کے حقیقی بیٹے امین کو کس نے قتل کیا تھا؟

8. مضمون ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' کس نے لکھا؟

9. نواب محمود کی وفات کب ہوئی؟

10. نورجہاں کی ولادت کہاں ہوئی؟

11. پطرس بخاری کے پڑوسی کا کیا نام تھا؟

12. سر سید انگلستان میں کن انگریز قلم کاروں سے متاثر ہوئے تھے؟

PART B — (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ: ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کا بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

13. ”بھئی جیسے تمہاری مرضی میں تو اب بھی یہی کہتا ہوں کہ قیمت ویمت جانے دو، لیکن میں جانتا ہوں کہ تم نہ مانوگے“۔

14. ”وہ اپنے دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے“۔

15. ”پیٹھ دکھائے جاتے ہو۔ اسی طرح جلد اپنا منہ دکھائیو۔“

16. ”ایک رات کی جان جنگل میں پڑی روتی تھی۔ تھک جاتی تو ہاتھ چوسنے لگتی تھی مگر قسمت سرہانے کھڑی ہنستی تھی کہ جلدی نہ کر جس محل میں تجھے ملکہ بن کر بٹھانا ہے، وہ ابھی تعمیر نہیں ہوا۔“

17. ”جو مرد نکھٹو ہو کر گھر سیتا ہے۔ اس کو دنیا کے لوگ طعنہ مہنا دیتے ہیں۔“

18. ”بی لڑکی ہمارے کبوتر تو لئے رہو۔“

19. ”اب جو کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔“

PART C — (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

20. مرزا غالب کے اخلاق و عادات کے بارے میں مولانا حالی کے خیالات کا احاطہ کیجئے۔

21. حاتم طائی کا قصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

22. نور جہاں کے حالات زندگی اور کارناموں پر روشنی ڈالئے۔

23. کتابوں کا آرڈر دیتے ہوئے کتب فروش کے نام ایک خط تحریر کیجئے۔

24. کالج کی فیس کی ادائیگی سے متعلق روپیہ طلب کرتے ہوئے اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے۔
